Rampur State Gazette.

بحکم بندگان اعلیحضرت حضور پرنور دام اقبالہم و ملکہم

نمبر ۲ مطبوعہ روز شنبہ بتاریخ ۱۶ محرم الحرام ۱۳۵۴ھ مطابق ۲۰ اپریل ۱۹۳۵ء جلد

حصہ دوم

احکام منسٹر صاحبان و سکریٹری صاحبان بہادر

۱	احکام اجلاس صاحب چیف منسٹر بہادر	۲ تا ۵	۵	حکم اجلاس صاحب ڈیولپمنٹ منسٹر بہادر	۷
۲	احکام اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر		۶	احکام سکریٹری صاحبان بہادر وغیرہ	بیستہ تعداد
۳	نقشہ عدالت العالیہ ہائیکورٹ	۶	۷	نقشہ نرخنامہ اجناس	۹
۴	حکم اجلاس صاحب آرمی منسٹر بہادر	۷			

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور

احکام اجلاس جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

انتظام

(واقعہ ۷ر اپریل ۱۹۳۵ء)

منشی شوکت علیخاں ہیڈ اسسٹنٹ محافظ دفتر سیکشن ۲ پچپن سال کے سلسلہ میں یکم مئی ۱۹۳۵ء سے ریٹائر کئے جاتے ہیں۔

منشی سید احمد علی سابق میں محافظ دفتر رہ چکے ہیں۔ اب فائنس ڈپارٹمنٹ میں خدمات انجام دے رہے ہیں۔ یکم مئی ۱۹۳۵ء سے بہ تنخواہ چھیالیس روپیہ ماہوار محافظ دفتر سیکشن ۲ مقرر کئے جائیں۔

فائنس ڈپارٹمنٹ میں اونکی جگہ تخفیف کر دیجائے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں

دستخط جناب صاحب چیف منسٹر بہادر

تفویض صیغہ جات

(واقعہ ۷ر اپریل ۱۹۳۵ء)

حسب تحریر جناب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر صیغہ جات شاگرد پیشہ عام۔ پالکی خانہ کا کام بحیثیت افسر صیغہ منشی محمود احمد خاں افسر اسپرنٹنڈنٹ وغیرہ کی تفویض کیا جاتا ہے۔ منشی محمود احمد خاں ان دونوں صیغہ جات کا کام بحاکمی صاحب سکریٹری بہادر آف ہاؤس ہولڈ انجام دیں گے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط جناب صاحب چیف منسٹر بہادر)

احکام اجلاس صاحب ہوم منسٹر بہادر

برخاستگی

۱۷ اپریل ۱۹۳۵ء

مسل گمشدگی کمیشن بک اسٹیٹ پریس و نظائر ہائیکورٹ مسلکہ کنٹرولر صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ ملاحظہ ہوئی بمعائنہ رپورٹ تحقیقاتی حسب ذیل احکام صادر کئے جاتے ہیں۔

(۱) شریف اللہ خاں خوشنویس تنخواہ دار چودہ روپیہ ماہوار ملازمت سے برخاست کیا جائے۔ اور بعجلت نظائر ہائیکورٹ میں جس قدر رقم ہائی کورٹ سے وصول ہو کر غبن ہوئی ہے۔ شریف اللہ خاں مذکور سے داخل کرالیجائے۔ اور اس کو سمجھا دیا جائے کہ رقم فوراً داخل کردے۔ ورنہ معاملہ عدالت مجازہ کے سپرد کردیا جائیگا

(۲) خلیل الرحمن خاں اسسٹنٹ منیجر کے چارج سے مسل نظائر ہائی کورٹ و کمیشن بک گم ہوئی ہے جسکی اس حد تک اسپر ذمہ داری عائد ہوتی ہے لیکن جیسا کہ اشتباہ کیا گیا ہے اسپر نتیجہ کارروائی جانچ آڈٹ کسی قسم کی بددیانتی ثابت نہیں ہوتی۔ نامبردہ کو اچھی طرح فہمایش کردیجائے کہ اپنی ذمہ داری کا احساس کرتے ہوئے کام کرے اور کوئی بات آئندہ خلاف ضابطہ مسموع نہ ہو۔

حکم ہوا کہ

مسل ہذا خدمت میں کنٹرولر صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ کے مرسل ہو کر تصدیع دیا جائے کہ براہ مہربانی اسکے بموجب کارروائی فرمائی جائے اور بعد اجرائے احکام اس ساری مسل کی کارروائی پر غور کرکے رائے سامی سے بھی مطلع فرمایا جائے کہ اس ذیل میں کسی مزید کارروائی کی ضرورت تو باقی نہیں رہتی۔

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

روبکار ہذا برائے اجرائے احکام محکمہ صدر کو مرسل ہو بعد اجرائے احکام دفتر ہذا میں واپس کیا جائے تاکہ مزید کارروائی کیجائے۔ ۱۸ اپریل ۱۹۳۵ء دستخط کنٹرولر صاحب بہادر ہاؤس ہولڈ

جرمانہ

۱۷ اپریل ۱۹۳۵ء

بموجب رپورٹ منسلکہ صاحب مدارس۔ سید نیاز حسین مدرس بڑا گاؤں تحصیل شاہ آباد تنخواہ دار دس روپیہ ماہوار پر بقصور غیر حاضری دو روپیہ جرمانہ کیا جانا منظور ہے۔ سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

ہدایت

۱۷ اپریل ۱۹۳۵ء

اسٹیٹ پریس میں ریاست کے جملہ صیغہ جات سے جو کام طباعت کے لئے آتے ہیں انکی اجرت صیغہ جات متعلقہ سے بذریعہ مجرائی بل ادا ہو کر جو آمدنی اسٹیٹ پریس میں ہوتی ہے لیکن اگر کسی صیغہ سے کوئی اعلان یا اشتہار برائے اندراج گزٹ مطبع کو بھیجا جائے تو مطبع سرکاری کی موجودہ عملدرآمد کے مطابق طباعت اعلان سے قبل صیغہ سے نقد قیمت طلب کیجاتی ہے۔ ایک ہی محکمہ سے طباعت و اشاعت کے سلسلہ میں دو قسم کے عملدرآمد رکھنا درست نہیں معلوم ہوتا اسٹیٹ پریس سے معلوم کرنے پر بجز عملدرآمد متذکرہ کے کوئی خاص

وجہ ظاہر نہیں کیگئی۔ لہذا صیغہ جات سرکاری سے جہانتک اجرت جماعت کا سوال ہے نقد رقم طلب کرنے کا طریقہ آیندہ کے لئے مسدود کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

ایک نقل درج گزٹ ہو۔

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

رخصت

۱۰ اپریل ۱۹۲۵ء

شیوزاین انگلش ٹیچر تحصیل ملک تنخواہدار تیرہ روپیہ ماہوار کی رخصت بیماری سولہ یوم ۱۲ لغایت ۲۷ جنوری ۱۹۲۵ء بوضع نصف تنخواہ منظور ہوئی۔ زاں بعد ۲۸ جنوری لغایت ۱۱ فروری ۱۹۲۵ء پندرہ روز کی رخصت بوضع کل تنخواہ منظور ہوئی۔ سررشتہ اکاؤنٹنٹ جنرل کا نوٹ ہے کہ رخصت مؤخرالذکر چونکہ بوضع سالم تنخواہ منظور ہوئی ہے۔ اسلئے رخصت ماقبل بھی بوضع کل تنخواہ ہونا چاہیئے۔ لہذا بہ تنسیخ حکم ۷ فروری ۱۹۲۵ء شیوزاین انگلش ٹیچر کی رخصت محصلہ سولہ یوم ۱۲ لغایت ۲۷ جنوری ۱۹۲۵ء رخصت بیماری سے رخصت بوضع سالم تنخواہ میں تبدیل کیجاتی ہے۔ اسطرح ۱۲ جنوری لغایت ۱۱ فروری ۱۹۲۵ء کل رخصت بوضع سالم تنخواہ ہوجائیگی اس سے پیشتر اس سلسلہ میں اسنے کوئی رخصت نہیں حاصل کی ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

جرمانہ

۱۸ اپریل ۱۹۲۵ء

باشندگان موضع پرم تحصیل ملک نے مسمی چھیدالال مدرس مدرسہ پرم کی شکایت کی ہے کہ وہ تحصیل ملک کا رہنے والا ہے۔ مدرسہ میں دیر سے آتا ہے پہلے سے چلا جاتا ہے۔ اور غیر حاضر بھی رہتا ہے۔ ذریعہ انسپکٹر صاحب مدارس اسکی تحقیقات کرائی گئی تحقیقات سررشتہ انسپکٹری سے مدرس کا علی الاتصال غیر حاضر ہونا نہیں پایا جاتا البتہ اوقات کی عدم پابندی ضرور ثابت ہوئی ہے۔ اس قصور میں مدرس مذکور پر ایک روپیہ جرمانہ کیا جاتا ہے۔ اور مانذرسن مدرس سیرکا کو مدرسہ پرم کی مدرسی پر بہ تنخواہ موجودہ تبدیل کیا جاتا ہے۔ انسپکٹر صاحب مدارس چھیدالال مدرس کو کسی دوسرے مدرسہ میں تبدیل کرکے وہاں کے مدرس کو مدرسہ سیرکا میں تبدیل کئے جانے کی رپورٹ جلد بھیجدیں۔ اسوقت تک چھیدالال مدرسہ سیرکا میں کام کرے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

اخراج اسم و تقرر عارضی

صادق بی بی۔ اسسٹنٹ ٹیچرس خورشید گرلس تنخواہ دار تیس روپیہ ماہوار کا بسلسلۂ علالت ۳؍ اپریل ۱۹۳۵ء کو انتقال ہوگیا۔ لہٰذا تاریخ فوتی سے مرحومہ کا نام ملازمت سے خارج کیا جاتا ہے۔ سروری بیگم معلمہ ساکن شہر اس جگہ پر بطور عوض کام کر رہی ہیں۔ حسب رپورٹ ہیڈ مسٹریس صاحبہ سروری بیگم کا تقرر غیر مستقل بتنخواہ پندرہ روپیہ ماہوار ۱۵؍ اپریل ۱۹۳۵ء سے منظور کیا جاتا ہے۔

حکم ہوا کہ

سررشتہ صدر سے احکام ضابطہ جاری ہوں۔

۱۰؍ اپریل ۱۹۳۵ء دستخط صاحب ہوم منسٹر بہادر

عدالت العالیہ ہائیکورٹ ریاست رامپور

واقع ۱۰ اپریل ۱۹۳۵ء

باجلاس جناب صاحب چیف جسٹس بہادر

فہرست پیشی مقدمات جنکی پیشی عدالت العالیہ ہائی کورٹ میں بتاریخ ۱۰ اپریل سنہ حال ہوئی منسلکہ ہذا برائے طبع مطبع سرکاری کو مرسل ہو۔ من ابتدائے ۱۲ اپریل لغایت ۱۶ اپریل ۱۹۳۵ء بوجہ تعطیلات محرم الحرام مقدمات کی پیشی نہیں ہوئی۔ اور نقشہ تعطیلات میں ۱۷ اپریل سنہ حال کی تعطیل درج تھی اسوجہ سے ۱۷ اپریل سنہ حال کسی مقدمہ میں مقرر نہیں کیگئی تھی۔

دستخط صاحب چیف جسٹس بہادر۔

تاریخ	یوم	نام اجلاس	نام فریقین	نوعیت مقدمہ	نتیجہ
۱۲ اپریل ۳۵ء	جمعہ				تعطیل محرم الحرام
۱۳ اپریل ۳۵ء	شنبہ				ایضاً
۱۴ اپریل ۳۵ء	یکشنبہ				ایضاً
۱۵ اپریل ۳۵ء	دوشنبہ				ایضاً
۱۶ اپریل ۳۵ء	سہ شنبہ				ایضاً
۱۷ اپریل ۳۵ء	چہارشنبہ				نقشہ تعطیلات میں ۱۷ اپریل سنہ حال کی تعطیل درج ہونیکی وجہ سے ۱۷ اپریل سنہ حال کسی مقدمہ میں مقرر نہیں کیگئی
۱۸ اپریل ۳۵ء	پنجشنبہ	جناب صاحب چیف جسٹس بہادر	مقبول احمد وغیرہ بنام غلام سکینہ بیگم وغیرہ	نگرانی دیوانی دعوی تقسیم ترکہ	زیر پیشی
؍؍	؍؍	مسٹر جسٹس محمود شاہ خاں صاحب بہادر	سید جمیل حسن وغیرہ بنام مسماۃ بیگم	اپیل دیوانی دعوی انتزاع حق	زیر پیشی
؍؍	؍؍	؍؍	پیارا بنام سرکار ریاست	اپیل فوجداری جرم دفعہ ۵۱۱/۳۷۶	زیر پیشی
؍؍	؍؍	؍؍	محمد اسمٰعیل بنام رشید علی خاں	درخواست بابت واپسی سامان مسروقہ	زیر پیشی
؍؍	؍؍	؍؍	کالے خاں بنام مشیت اللہ	ابتدائی دیوانی دعوے ؍؍ ۵	زیر پیشی
؍؍	؍؍	؍؍	محمد نعیم خاں بنام مبارک علی خاں وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی امامت	زیر پیشی
؍؍	؍؍	؍؍	امجد علی خاں بنام مبارک علی خاں وغیرہ	اپیل دیوانی دعوی تولیت	زیر پیشی
...	...	......	......	....	دستخط سکشن ریڈر عدالت العالیہ ہائیکورٹ

حکم اجلاس صاحب آرمی منسٹر بہادر

اجازت

۱۰ اپریل ۱۹۳۵ء

حسب سفارش کمانڈنگ افسر صاحب فرسٹ رامپور ہز ہائینس انفنٹری صوبہ دار امیر احمد خانصاحب جدید کو ۵ گھنٹہ کی اجازت بضرورت کارخانگی تاریخ امروزہ ۹ بجے صبح سے دیا جانا منظور ہے۔ آرڈر ہذا جاری ہو۔ ایک نقل اسکی بغرض اندراج گزٹ اسٹیٹ پریس کو بھیجی جاوے۔

(دستخط صاحب آرمی منسٹر بہادر)

حکم اجلاس صاحب ڈیولپمنٹ منسٹر بہادر

رخصت

۱۰ اپریل ۱۹۳۵ء

مشعرہ رپورٹ صاحب سپرنٹنڈنٹ ابکاری معتمد جناب اکاؤنٹنٹ جنرل صاحب دربارہ منظوری رخصت ۱۵ یوم رعایتی حبیب اللہ ماسٹر ویونگ اسکول از ۱۰ اپریل لغایتہ یکم مئی ۱۹۳۵ء مشاہرہ دار نصف ماہوار۔

حکم

رخصت مطلوبہ منظور ہے۔ بغرض اجراء احکام صدر کو مرسلہ۔

(دستخط صاحب ڈیولپمنٹ منسٹر بہادر)

حکم اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر

رخصت

۱۸ اپریل ۱۹۳۵ء

مشعرہ درخواست و نقشہ رخصت رعایتی ۱۵ یوم منشی حامد علیخان پیشکار اجلاس صاحب فائنانس سکریٹری بہادر از ۲۰ مارچ لغایتہ ۵ اپریل ۱۹۳۵ء بوجہ علالت خود۔

حکم

رخصت مطلوبہ منظور ہے۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

(دستخط صاحب فائنانس سکریٹری بہادر)

حکم اجلاس ناظم صاحب حلقۂ جنوبی

معطلی

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل بدیں خلاصہ کہ عظمت اللہ خاں عرف للن خاں ضلعدار حلقہ بنجاب نگر مشاہرہ یابہ پندرہ روپیہ بقصور خرابی وصول لگان۔ شکایت مزارعان بابت نہ دینے رسید معطل فرمایا جاتا ہے۔

حکم اول

ہردو رپورٹ تحصیلدار صاحب ملاحظہ ہوئیں۔ ضلعدار معطل کیا جاتا ہے اسکی جگہ کوئی امیدوار جو نمبر پر ہو تحصیلدار صاحب عارضی طور پر مقرر کر کے رپورٹ بہت جلد بھیجدیں۔ ۲۰ مارچ ۱۹۳۵ء

دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

حکم ثانی

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب حضور تحصیل بدیں مضمون کہ عظمت اللہ خاں ضلعدار معطل شدہ سے چارج پیارے خاں ضلعدار حلقہ آغاپور تحصیل حضور مشاہرہ یابہ بیس روپیہ کو دلادیا گیا۔ اور حلقہ آغاپور کا چارج حشمت علی خاں امیدوار کو دلادیا گیا حشمت علی خاں کو تنخواہ پندرہ روپیہ ماہوار۔ اور پیارے خاں کو اُن کی موجودہ تنخواہ بیس روپیہ ماہوار دیجائیگی۔ عظمت اللہ خاں نے کچھ کاغذات چارج میں نہیں دیئے ہیں۔ حکم اجرا صادر فرمایا جائے۔ معہ رپورٹ اہلکار تحصیل باعلام تبادلہ چارج بتاریخ ۲۰ مارچ ۱۹۳۵ء

تبادلہ پیارے خاں ضلعدار و تقرر عارضی حشمت علیخاں بطور ضلعدار بمشاہرہ پندرہ روپیہ ماہوار منظور ہے۔ صدر سے احکام جاری ہوں۔

بعدہ مثل واپس سررشتہ کیجاوے تاکہ پاس تحصیلدار صاحب واپس ہوسکے چارج کی کارروائی ہنوز باقی ہے۔

۲ اپریل ۱۹۳۵ء — دستخط ناظم صاحب حلقہ جنوبی

حکم اجلاس ناظم صاحب حلقہ شمالی

رخصت

۲ اپریل ۱۹۳۵ء

مثبتہ رپورٹ تحصیلدار صاحب بلاسپور بابت منظوری رخصت رعایتی سات یوم غریب نواز بیگ سیاہہ نویس تحصیل بلاسپور مشاہرہ یابہ آٹھ روپیہ از ۲۰ مارچ ۱۹۳۵ء و بذمہ داری اصغر خاں پنڈا پٹرش مصدقہ اکاونٹنٹ جنرل صاحب

حکم

رخصت رعایتی ایک ہفتہ کی منظور ہے نقل برائے کارروائی ضابطہ تحصیل کو مرسل ہو۔ زمانہ رخصت بھی دوران کاغذات میں ختم ہوگیا۔ احکام ضابطہ جاری ہوں۔

دستخط ناظم صاحب حلقہ شمالی

احکام اجلاس صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

شرفِ باریابی

حسب ذیل صاحبان کو شرفِ باریابی حاصل ہوا۔

۹ راپریل ۱۹۳۵ء یوم سہ شنبہ — لفٹنٹ کرنل شہامت اللہ خاں صاحب (کمانڈنگ گوالیار لانسرز)

۱۳ ر ۔ ۔ یوم شنبہ — مولانا قطب الدین عبدالولی صاحب (فرنگی محلی لکھنؤ)

حکم ہوا کہ

بغرض اندراج گزٹ ڈپٹی سکریٹری صاحب کے دفتر میں بھیجا جاوے۔

۱۹ راپریل ۱۹۳۵ء — دستخط صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر

روئداد سلور جوبلی کمیٹی

روئداد سلور جوبلی کمیٹی منعقدہ ۱۰ راپریل سنہ حال بمقام رنگ محل پیلس قلعہ معلّیٰ

آج کمیٹی کا جلسہ بوقت تین بجے سہ پہر منعقد ہوا جس میں صاحبان ذیل شریک تھے۔

(۱) صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر — چیرمین

ممبران:
(۲) صاحب ریونیو منسٹر بہادر
(۳) سردار صاحب بہادر ڈیوڑھی
(۴) صاحب ہاؤس ہولڈ کنٹرولر بہادر
(۵) صاحب چیف میڈیکل افسر بہادر
(۶) مسٹر معقول احمد صاحب
(۷) منشی ہردیو پرشاد صاحب
(۸) منشی عبدالوحید خاں صاحب

(۹) میجر میاں عطاءالرحمن صاحب بہادر — سکریٹری

(۱) سکریٹری صاحب سلور جوبلی کمیٹی نے ایجنڈا کے بموجب شرح چندہ مجوزہ پیش کی جو باتفاق آرا پاس ہوئی۔

(۲) تخمینہ جات موصولہ تحصیلی کمیٹیاں جس قدر موصول ہوئے تھے پیش ہوکر طے پایا کہ جملہ تحصیلدار صاحبان کو اطلاع دی جاوے کہ تحصیلات سے جس قدر رقم چندہ فراہم ہو اُس میں سے حسب پروگرام و تخمینہ مفید کاموں میں صرف کی جاوے اور جس قدر رقم باقی رہے وہ مرکز میں شامل کئے جانے کی غرض سے چیرمین صاحب سلور جوبلی کمیٹی کی خدمت میں بھیج دیں۔ اور صرف بہ منظوری تخمینہ کیا جاوے۔ شاہ آباد کی تحصیلی کمیٹی پروگرام اور تخمینہ جلد بھیجے نیز جن تحصیل سے پروگرام اور تخمینہ اب تک نہ آیا جلد آنا چاہیئے۔

(۳) چونکہ میر مقبول محمود صاحب چیف جسٹس مستعفی ہوگئے ہیں۔ اور صاحب موصوف مشاورہ کمیٹی کے چیرمین تھے۔ لہذا بجائے صاحب موصوف کے مسٹر معظم علیخاں صاحب چیرمین مشاورہ کمیٹی اور مسٹر گلزار.... ایڈوکیٹ ممبر کمیٹی مذکور مقرر ہوئے۔

(۴) طے پایا کہ ہنگام جشن مسلور جوبلی جو آتشبازی چھوڑی جائے گی - اس کا کام بھی کمیٹی آرائش و روشنی شہر کے سپرد کیا جاوے۔

(۵) عمارات سرکاری متعلق ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ کی روشنی کی بابت طے پایا کہ صاحب ہاؤس ہولڈ منسٹر بہادر ایک سب کمیٹی اس کام کے لئے مقرر فرمادیں اور اپنی تجویز سے ممبر قرار دے لیں۔ صدر کچہری کو بھی ہاؤس ہولڈ ڈپارٹمنٹ کی عمارات کے ساتھ شامل کرلیں۔

(۶) دیہاتی مہمانوں کی مہمانداری و قیام کے متعلق رپورٹ سب کمیٹی پڑھی گئی اور باتفاق طے پایا کہ بجائے ڈیروں جن کی میدان توپ خانہ میں لگائے جانے کی تجویز تھی، یہ مہمان خسرو باغ کے ٹن شیڈ میں ٹھہرائے جائیں۔

(۷) میر مقبول محمود صاحب کی تحریک پر یہ امر طے پایا کہ چونکہ بیرونجات سے نظمیں یکم مئی سنہ حال تک یہاں موصول ہوجانے کی بابت اعلان کیا جاچکا ہے اس لئے یہ مناسب معلوم ہوتا ہے کہ چیرمین صاحب مشاعرہ کمیٹی اس امر کا اعلان فرمادیں کہ شہر سے بھی جو صاحبان نظمیں بھیجنا چاہیں، وہ یکم مئی سنہ حال تک سکریٹری صاحب مشاعرہ کمیٹی کے پاس بھیجدیں تاکہ سب نظموں کا یکجائی انتخاب ہوسکے۔

حکم ہوا کہ

بغرض اندراج گزٹ ڈپٹی سکریٹری صاحب کیفیت بہ تعمیل مرسل ہو۔

(۱۹ راپریل ۱۹۳۵ء)

[illegible]

نقشہ اجناس ریاست رامپور - ۹ بابت ہفتہ سویم ماہ اپریل سنہ ۱۹۳۵ء

نام جنس	حضور تحصیل	شاہ آباد	ملک	بلاسپور	سوار	ٹانڈہ	کیفیت
گندم	۸؍۱۰ ۱۳؍۱۰		۱۲؍۱۰		۱۱؍		
نخود خالص	۱۵؍۱۱، ۱۵؍۱۰		۱۸؍		۱۶؍		
نخود کستہ آمیز	۱۶؍		۱۹؍		۱۷؍		
کنہ	۱۸؍ ۱۹؍		۲۰؍		۲۰؍		
ماش	۹؍ ۹؍۱۰		۸؍		۸؍		
مونگ	۱۱؍ ۱۱؍۱۰		۰		۱۰؍		
[illegible]	۱۷؍۱۰، ۱۸؍۱۰		۱۵؍		۱۷؍		
جئی	۲۱؍ ۲۲؍		۲۰؍		۲۰؍		
گوجئی	۰		۰		۱۶؍		
عدس	۱۵؍۱۱، ۱۵؍۱۰		۱۲؍		۱۵؍		
ارہر	نرخ بازار		۱۰؍		۰		
برنج	۹؍ ۱۰؍		۹؍		۹؍۱۰		
روغن زرد	۱۱ چھٹانک ۱۲		۱۲ چھٹانک		۱۲ چھٹانک		
روغن سیاہ	۳؍۱۰		۳؍۱۰		۳؍۱۰		
روغن کنجد	۲؍۱۰ ۲؍۱۰		۲؍۱۰		۳؍		
نمک سانبھر	۹؍		۹؍۱۰		۱۰؍		
نمک لاہوری	۶؍		۷؍		۰		
قند سیاہ	۵؍ ۶؍		۶؍		۷؍		
باجرہ	۱۰؍۱۰ ۱۱؍		۰		۰		

مطبوعہ اسٹیٹ پریس رامپور